| Roll No. | | | | | | | | | | | | Serial No. of Q. C. A. B. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 63 ] [ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 24

Total No. of Questions : 63 ] [ Total No. of Printed Pages : 24

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U** **ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು**

**Code No. : 12-U** **Subject : First Language — URDU**

ದಿನಾಂಕ : 00. 00. 2012 ] [ Date : 00. 0. 2012

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 10-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ–1-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-30 A.M. to 1-45 P.M.

ಪರಮಾವಧಿ ಅಂಕಗಳು : 125 ] [ Max. Marks : 125

**FOR OFFICE USE ONLY**

| Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | | | 14. | | | 27. | | | 40. | | | 53. | |
| 2. | | | 15. | | | 28. | | | 41. | | | 54. | |
| 3. | | | 16. | | | 29. | | | 42. | | | 55. | |
| 4. | | | 17. | | | 30. | | | 43. | | | 56. | |
| 5. | | | 18. | | | 31. | | | 44. | | | 57. | |
| 6. | | | 19. | | | 32. | | | 45. | | | 58. | |
| 7. | | | 20. | | | 33. | | | 46. | | | 59. | |
| 8. | | | 21. | | | 34. | | | 47. | | | 60. | |
| 9. | | | 22. | | | 35. | | | 48. | | | 61. | |
| 10. | | | 23. | | | 36. | | | 49. | | | 62. | |
| 11. | | | 24. | | | 37. | | | 50. | | | 63. | |
| 12. | | | 25. | | | 38. | | | 51. | | | × | |
| 13. | | | 26. | | | 39. | | | 52. | | | × | |
| ***Total Marks*** | | | | | | | | | | | | | |

| **Total Marks in words** | | | **Grand Total** | |
|---|---|---|---|---|
| 1. ✓ | | ✓ | ✓ | |
| 2. ✓ | | | | |
| *Signature of Evaluators* | *Registration No.* | *Signature of the Deputy Chief* | *Signature of the Room Invigilator* | |

[ Turn over

## عام ہدایات :

i) سوال مع جواب کے کتابچہ میں معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے 63 سوالات ہیں۔

ii) ہر معروضی قسم کے سوال کے لئے جگہ مہیا کی گئی ہے۔آ پکو صحیح جواب چُننا ہے اور مکمل جواب اسکے حرف تہجی کے ساتھ مہیا کی گئی جگہ میں لکھنا ہے۔

iii) ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہ مہیا کی گئی ہے۔آ پکو سوالوں کے جواب اسی جگہ میں لکھنا ہے۔

iv) معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

v) پنسل سے جواب مت لکھئے۔پنسل سے لکھے ہوے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی (سوائے گرافوں،ڈائگراموں اور میپوں کے )۔

vi) کثیر انتخابی (Multiple choice)، خالی جگہوں کو پُر کرنا اور مناسب جوڑ لگانا کے سوالوں کی حالت میں کُھر چنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے، ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نااہل سمجھا جائیگا۔

vii) سوال پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا جائیگا۔

I. ہر سوال یا نامکمل بیان کے نیچے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں۔مناسب ترین جواب چُن کر جواب کے لئے مہیا کی گئی جگہ پر لکھیں۔
15 × 1 = 15

1. ’’محمد صلعم میں تم کو جھوٹا نہیں کہتا، البتہ تم جو کچھ کہتے ہو اس کو صحیح نہیں سمجھتا‘‘۔ کہنے والا

A) عتبہ B) ابو جہل

C) ابولہب D) فرعون

جواب : ____________________

2. ڈاکٹر عبدالکلام کو حالات نے بنادیا۔

A) بیولڈر B) پائلٹ

C) راکٹ انجنیر D) پروفیسر

جواب : ____________________

3. شیخ نجیب احمد نے سرفراز سے لانے کے لئے کہا۔

A) ڈنڈا B) لاڈو

C) پگڑی D) رکشہ

جواب : ____________________

4. ........................ نے کہا۔ ''سپاہی کا کام صرف لڑنا اور مرنا ہے۔ سیاست بادشاہوں، وزیروں کا کام ہے۔''

A) جھانسی کی رانی B) مفتی صاحب

C) اکبر بادشاہ D) چاند بی بی

جواب : ____________________

5. ایک صاحب لائن (قطار) میں کھڑے ہوئے بُری طرح چیخ رہے تھے کہ۔

A) مجھے سو روپے مل گئے B) مجھے شکر مل گئی

C) ہائے میں لُٹ گیا D) مجھے سخت بھوک لگی ہے

جواب : ____________________

6. تاریخ نویسی کا باوا آدم کہلانے والا شخص

A) اشوکا راجہ B) ابن خلدون

C) پروفیسر بی شیخ علی D) نواب حیدر علی خان

جواب : ____________________

7. صدا = آواز، سدا = ........................

A) سادگی B) ہمیشہ

C) صدارت D) آسودگی

جواب : ____________________

8. کمپیوٹر کے تربیت یافتہ اشخاص کہلاتے ہیں۔

A) ہیومن ویر B) ہارڈ ویر

C) پروگرامر D) سافٹ ویر

جواب : ____________________

9. نظم ''بدلہ'' کے شاعر کا نام ہے۔

A) احمد شاہ ابدالی B) نظیر اکبر آبادی

C) بہادر شاہ ظفؔر D) علامہ اقباؔل

جواب : ____________________

10. ایسی صنفِ شاعری جس میں ہر مصرعے میں ارکان گھٹتے اور بڑھتے رہتے ہیں اور اس میں ردیف کی پابندی نہیں ہوتی ہے کہلاتی ہے۔

A) پابند نظم B) آزاد نظم

C) غزل D) تاریخ نویسی

جواب : ____________________

11. غزل کا آخری شعر مقطع کہلاتا ہے اور پہلا شعر

A) مطلع B) ابتدا

C) افتتاح D) بیت الغزل

جواب : ____________________

12. شعر میں دو یا دو سے زیادہ چیزوں کو ایک ہی معنی میں شریک کرنے کو کہتے ہیں۔

A) تشبیہ B) مساوات

C) تنقید D) عروض

جواب : ____________________

13. وہ علم جس سے شعر کے اوزان معلوم ہوتے ہیں۔

A) اعتراض B) عروض

C) عارضہ D) مقدار

جواب : ______

14. ''نگاہیں چُرانا'' محاورہ کا مطلب

A) آنکھ سے آنکھ نہ ملانا B) آنکھ چوری کرنا

C) آنکھ بند کرلینا D) ترچھی آنکھ

جواب : ______

15. رباعی نظم میں کُل مصرعوں کی تعداد ہوتی ہے۔

A) سولہ B) صفر

C) چار D) بے شمار

جواب : ______

II. مندرجہ ذیل کی خانہ پُری کریں : 5 × 1 = 5

16. آپ ﷺ کی بہادری اور دلیری بے.................. تھی۔

______

17. شیخ نجیب احمد اپنی.................. کے سامنے کھڑے ہوئے گرج رہے تھے۔

______

18. ''خاکِ دل'' ایک..................نظم ہے۔

---

19. لفظ خادمہ مونث ہے اور خادم..................لفظ ہے۔

---

20. لفظ ''پیالیاں'' کا واحد..................

---

III. 21. 'الف' اور 'ب' کا مناسب جوڑ لگائیے: 5 × 1 = 5

| (الف) | | (ب) | |
|---|---|---|---|
| (i) | اسپٹ فائیر | (a) | ستیہ پال اروڑہ |
| (ii) | بلبلہ افسانہ میں | (b) | شیر علی |
| (iii) | قطب جنوبی کی صبح | (c) | حیتہ خان |
| (iv) | چاند بی بی کا محسن | (d) | زندگی کے نشیب و فراز کا ذکر پایا جاتا ہے |
| (v) | اے میری شمع وفا میری منزل کا چراغ | (e) | دوسری جنگ عظیم |
| | | (f) | آج تاریک ہوئی جاتی ہیں راہیں میری |

جواب: (i ______

(ii ______

(iii ______

(iv ______

(v ______

IV. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیں: 10 × 1 = 10

22. سابق صدر ہنداور مشہور سائنسداں ڈاکٹر عبدالکلام کو اہلِ ہند کیا کہتے ہیں؟

23. گھر سے نکلتے وقت مصنف سے اس کی بیوی نے کیا کہا؟

24. کمپیوٹر میں ٹرانزسٹر کی جگہ کس چیز کا استعمال ہوا؟

25. جیتہ خان، چاند بی بی پر کیا الزام لگا تا ہے؟

26. گھنگور گھٹا چھانے پر کیا ہوا؟

27. شاعر کی منزل کا چراغ کون تھا؟

28. شاعر میرؔ کو محبوب کی آنکھیں کیسی لگتی ہیں؟

29. جملۂ اسمیہ کی تعریف کریں۔

30. اردو زبان کے کس شاعر کو ''خان صاحب'' کے خطاب سے نوازا گیا؟

31. رباعی میں عام طور پر کس طرح کی باتیں بیان کی جاتی ہیں؟

V. درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : 15 × 2 = 30

32. مقروض مسلمانوں کے متعلق آپ ﷺ کا کیا حکم تھا؟

33. ڈاکٹر عبدالکلام کا خواب کب پورا ہوا؟

34. دلاور علی کے مخاطب ہونے پر شیخ نجیب احمد کی کیا حالت ہوئی؟

35. شیر علی کے کہنے پر چاند سلطانہ صلح کے لئے کیوں آمادہ نہ ہوئی۔

36. شکر کی دکان کے سامنے قطار میں کھڑے ہوئے لوگ کیا کررہے تھے؟

37. جہاز میں سوار مہم جو نے آئیس برگ (برف کے ٹیلے) کا مقابلہ کس طرح کیا؟

38. ہارڈویر (Hardware) اور سافٹ ویر (Software) کی تعریف کریں۔

39. آزاد نظم اور پابند نظم کے فرق کو واضح کیجئے۔

40. وہ کونسا نکتہ تھا جو فلسفیوں سے بھی حل نہ ہوسکا؟

41. صنفِ سخن مرثیہ کی تعریف کریں۔

42. شاعر کے خیال سے کل جُگ اور کَر جُگ کے متعلق بتائیں۔

43. شاعر بہادر شاہ ظفؔر نے اپنے دل کی بے قراری اور بے صبری کے بارے میں کیا بتایا ہے؟

44. (1) ''ماند پڑنا'' اور (2) ''کھری کھری سنانا'' محاوروں کو جملوں میں استعمال کریں۔

45. ان کے معنوی فرق واضح کریں۔

(1) چَین = .................. چِین = .................. (2) دَم = .................. دُم = ..................

46. مفرد جملہ اور مرکب جملہ کی الگ الگ تعریف کریں۔

VI. بحوالۂ متن تشریح کریں۔ 4 × 3 = 12

47. ''خداوند مجھے مسکین زندہ رکھ، مسکین اٹھا اور مسکینوں کے ساتھ میرا حشر ہو۔''

48. ''ہوش میں رہیے مقبول میاں، یہاں کا رہنا بھلا دوں گا''

49. ''میں تم سی چھوکریوں کا غلام نہیں مالک ہوں، چاند!''

50. ''بھائی آپ کیا کہہ رہے ہیں، ہم تو ان کو صبح سے لائن میں دیکھ رہے ہیں۔''

VII. مندرجۂ ذیل اشعار کی تشریح کریں۔ 2 × 3 = 6

51. ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

52. ہاں وہ نہیں وفا پرست، جاؤ وہ بے وفا سہی
جس کو ہو دین و دل عزیز، اس کی گلی میں جائے کیوں؟

VIII. کسی دو کا تعارف پیش کریں۔ 2 × 3 = 6

(i) سید سلیمان ندوی

(ii) فیض احمد فیضؔ

(iii) علی عباس حسینی

(iv) محمود ایازؔ

53. ______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

54. ______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

______________________________

IX. تین یا چار جملوں میں جواب لکھیئے۔ 2 × 3 = 6

55. ہندوستانی مہم جوؤں کی قیادت کس نے کی بتاتے ہوئے انٹارٹیکا سے واپسی پر ان کی عزت کو چار چاند کیسے لگے، بتایئے۔

56. شاعر نے ''چاند تاروں کا بن'' نظم میں کیا پیغام دیا ہے۔

X. ان سوالات کے مفصّل جواب لکھیں۔ 3 × 4 = 12

57. ڈاکٹر عبدالکلام کی ساری زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

58. مقبول میاں کون تھے؟ اوردلاور علی ان کے ساتھ کس طرح سے پیش آ رہا تھا؟

59. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیں۔

(i) برکھارت (ii) صدیقؓ

XI. 60. کسی ایک نظم کے ابتدائی چار اشعار لکھیں۔ 4

(i) حمد (ii) نعت

XII. 61. اپنے والد یا والدہ کے نام خیریت نامہ تحریر کریں جس میں اپنی تعلیمی اور دیگر مصروفیات کا ذکر موجود ہو۔ 5

یا

اپنے دوست یا اپنی سہیلی کے نام خیریت نامہ لکھیں جس میں تاریخی سفر کا ذکر موجود ہو۔

XIII. 62. کسی ایک عنوان سے متعلق دلچسپ اور جامع مضمون لکھیں : 5

( i ) جہیز کی برائیاں

( ii ) رشوت خوری اور عوام کی مخالفت

XIV. مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر نیچے پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھیں: 4 × 1 = 4

63. کسی نہ کسی تحریر کے پڑھنے کے عمل کو مطالعہ کہتے ہیں۔ مطالعہ کے زیر تحت بہت سی چیزیں آتی ہیں جیسے کتابیں، رسالے، مخطوطات، اخبار اور انسائیکلو پیڈیا وغیرہ۔

مطالعہ کی مدد سے قدیم زمانے سے آج تک بے شمار قاری ترقی اور عظمت کی بلندیوں پر پہنچ گئے۔

اس جدید دور میں نئی نسل مطالعہ سے بیزاری اور غفلت ظاہر کر رہے ہیں۔ اس نسل کو اس برائی سے بچانا والدین اور اساتذہ کا اہم فرض ہوتا ہے۔ ہم سب اس ذمہ داری کو قبول کر کے عمل کریں گے تو نئی نسل مطالعہ میں ذوق پیدا کر کے زندگی کے ہر شعبہ اور ہر موقعہ پر کامیاب و کامران ہوگی۔

i) مطالعہ کسے کہتے ہیں؟

ii) مطالعہ کے زیر تحت کیا کیا چیزیں آتی ہیں؟

iii) کیا دور جدید میں نئی نسل مطالعہ میں دلچسپی رکھتی ہے؟

iv) نئی نسل میں مطالعہ کا شوق کون پیدا کر سکتے ہیں؟